نومبر 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم مطالبہ کرتا ہے کہ تمام اسکول اضلاع، بشمول نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم (DOE) تعلیمی سال 22-2021 کے لیے طلبا کی آلات اور انٹرنیٹ تک رسائی کے بارے میں خاندانوں سے معلومات جمع کریں۔ خاندانوں کے لیے اسے جتنا ممکن ہو آسان بنانے کے لیے، محکمئہ تعلیم نے ایک ڈجیٹل مساوات سوالنامہ برائے خاندان نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں شامل کیا ہے (https://www.schools.nyc.gov/nycsa)، جہاں آپ اپنے کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک کے ہر طالب علم کے لیے سوالات کے جوابات فراہم کرسکتے ہیں۔

سوالنامہ 9 مختصر سوالات پوچھتا ہے (اس میں تقریباً پانچ منٹ لگتے ہیں) آپکے خاندان کی ڈجیٹل رسائی کے بارے میں، اور آپکے جوابات کو اسکول اور ضلع کی ضروریات کی نشاندہی کرنے، وسائل اور سرمائے کے مواقع کا پتہ لگانے، اور ریاستی پالیسی اور قانون ساز آغاز کاریوں سے باخبر رکھنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

آپکے پاس نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (schoolsaccount.nyc) نہیں ہے؟ آپ آج ہی ایک بنا سکتے ہیں! سائن اپ کرنا جلد اور آسان ہے! آپکے بچے کے اسکول کا عملہ آپکی طالب علم (طلبا) کو شامل کرنے میں مدد کرسکتا ہے، تاکہ آپکی انکی معلومات تک رسائی ہوسکے، بشمول گریڈز اور امتحان کے اسکورز۔ آپ پیرنٹ یونیورسٹی میں کلاسیں بھی لے سکتے ہیں، غنڈہ گردی کی اطلاع کرسکتے ہیں، COVID-19 ٹیسٹنگ اجازت فارم پر دستخط کرسکتے ہیں، اور بہت کچھ۔

اگر آپکا ایک NYCSA اکاونٹ نہیں ہے، آپ محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ (https://www.schools.nyc.gov/DigitalEquity) پر سوالات کی کاغذی اشاعت کو استعمال کرسکتے ہیں، سروے اپنے اسکول کو واپس کریں، اور اسکول کا عملہ یقینی بنائے گا کہ آپکے جوابات کا شمار کیا جائے۔

آپ کے تعاون اور شراکت داری کا شکریہ۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ معلومات ڈجیٹل تدریس اور رسائی میں نیویارک شہرپبلک اسکول کے تمام طلبا اور خاندانوں کی مدد کرے گی۔

بخلوص،

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم